پنجاب پریس کلب رجسٹرڈ اسلام آباد کے زیر انتظام شائع ہونے والا اخبار

Pcunews787@gmail.com | just News HD | Saqiict@gmail.com

قانون مشیر
سید محمد باقر شاہ
ایڈووکیٹ

Daily PCU News

روزنامہ
# پی سی یو نیوز
انٹرنیشنل
لاہور

چیف ایگزیکٹیو
سید علی گوہر شاہ

چیف ایڈیٹر
چوہدری اسرار خان

ایڈیٹر: ملک ثاقب اقبال ساقی

کراچی
اسلام آباد
فیصل آباد
گوجرانوالہ
اٹک

جلد نمبر 26 / بدھ / 29 محرم الحرام 1448ھ / 15 جولائی 2026ء / صفحات: 4 / قیمت: 20 روپے شمارہ نمبر / 129

## گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات، خواتین کے حقوق اور انصاف تک رسائی کے فروغ پر تبادلہ خیال

## عورت فاؤنڈیشن کوئٹہ کی ٹیم نے ریذیڈنٹ ڈائریکٹر علاؤالدین خلجی کی سربراہی میں، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر

کوئٹہ (اے کے شاہین) ریذیڈنٹ ڈائریکٹر عورت فاؤنڈیشن علاؤالدین خلجی اور پروجیکٹ کوآرڈینیٹر یاسمین مغل کی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات، خواتین کے حقوق اور انصاف تک رسائی کے فروغ پر تبادلہ؟ خیال

عورت فاؤنڈیشن کوئٹہ کی ٹیم نے ریذیڈنٹ ڈائریکٹر علاؤالدین خلجی کی سربراہی میں، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر یاسمین مغل کے ہمراہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں خواتین کے حقوق کے فروغ، صنفی مساوات، انصاف تک رسائی اور بلوچستان میں جامع و پائیدار ترقی کے لیے باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔

ملاقات کے دوران عورت فاؤنڈیشن کی ٹیم نے گورنر بلوچستان کو ادارے کے مشن، گزشتہ چار دہائیوں پر محیط خدمات، جاری منصوبوں اور خواتین کے حقوق کے تحفظ، انصاف تک رسائی، سماجی انصاف اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کی جانے والی کاوشوں سے آگاہ کیا۔

اس موقع پر ٹیم نے بلوچستان میں عورت فاؤنڈیشن کی 40 سالہ یادگاری کتاب کی تقریبِ رونمائی کے انعقاد کی تجویز پیش کرتے ہوئے درخواست کی کہ یہ تقریب گورنر ہاؤس میں منعقد کرنے کی اجازت اور سرپرستی فراہم کی جائے۔ علاوہ ازیں، عورت فاؤنڈیشن کے انڈومنٹ فنڈ کے قیام اور فروغ کے لیے بھی گورنر بلوچستان سے تعاون کی درخواست کی گئی تاکہ ادارے کی طویل المدتی پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے اور خواتین کے حقوق، انسانی حقوق اور سماجی انصاف کے لیے جاری خدمات کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

گورنر بلوچستان نے اس تجویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے عورت فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہا اور تقریب کے انعقاد کے لیے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے تجویز دی کہ یہ صوبائی تقریب اگست کے آخری ہفتے یا ستمبر کے پہلے ہفتے میں گورنر ہاؤس میں منعقد کی جائے۔ ملاقات کے اختتام پر عورت فاؤنڈیشن کی ٹیم نے گورنر بلوچستان کو عورت فاؤنڈیشن کی 40 سالہ یادگاری کتاب پیش کی۔ اس موقع پر فاؤنڈیشن کی جانب سے پاکستان میں خواتین کے حقوق، انسانی حقوق، سماجی انصاف، جمہوری اقدار اور جامع ترقی کے فروغ کے لیے گزشتہ چار دہائیوں پر محیط خدمات اور غیر متزلزل عزم کو اجاگر کیا گیا۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو عورت فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر علاؤالدین خلجی کتاب پیش کر رہے ہیں (فوٹو ڈی جی پی آر)